# سوالات ۔ جوابات کے لیے حوالے

1۔ ہندوستان کے دیئے گئے نقشہ میں درج ذیل کو مناسب علاقوں کے ذریعہ دکھلایے اوران کونشان زد کیجیے۔4=4×1

i) ہندوستان کا معیاری سمت الراس

ii) 2001 مردم شماری کے مطابق۔ ہندوستان کی سب سے زیادہ گھنی آبادی والی ریاست

iii) زمین کے پھٹنے سے بننے والی وادی میں بہنے والا دریا

iv) ہندوستان کی سب سے اونچی چوٹی

نوٹ: یہ سوال نابینا امیدواروں کے لیے ہے۔

i) ہندوستان کے معیاری سمت الراس کا طول البلد بتایئے۔

ii) اس ریاست کا نام بتایئے جہاں 2001 کی مردم شماری کے مطابق آبادی کا گھناپن سب سے زیادہ ہے:

iii) کسی ایک دریا کا نام بتایئے جو زمین پھٹنے سے بننے والی وادی میں بہتا ہو۔

iv) ہندوستان کی سب سے اونچی چوٹی کا نام بتایئے۔


جواب

i) $8_2 \frac{1^0}{2}$ مشرق

ii) مغربی بنگال

iii) نرمدا/تاپی

iv) k-2



2۔ ہندوستان کے دیئے گئے نقشہ ہندوستان کی چار اہم بندرگاہوں کو 1-4 نمبروں کے ذریعہ دکھلایا گیا ہے۔ ان کی شناخت کیجیے اور ان کے نمبر کے سامنے ان کے درست نام لکھیے۔ 1×4=4

جواب:

1۔کوچی

2۔وشاکھاپٹنم

3۔چنئی

4۔ٹوٹی کورن

درج ذیل ریاستوں میں سے ہر ایک کی ایک بندرگاہ کا نام لکھیے:

i) گجرات

ii) تامل ناڈو

iii) آندھراپردیش

iv) مغربی بنگال

جواب بندرگاہیں


i) گجرات: کاندلۂ پوربندر (کوئی ایک)

ii) تام ناڈو: ٹوٹی کورن، ناگ پٹنم، چنئی (کوئی ایک)

iii) آندھراپردیش: وشاکھاپٹنم

iv) مغربی بنگال: کولکاتہ/ ہلدیہ (کوئی ایک)

ہندوستا کا نقشہ



3۔ فرض کیجیے کہ 1837ء میں آپ مدارس میں رہتے ہیں۔ اپنے گھر کی تعمیر کے لیے گرینائٹ پتھر کی نقل وحمل کے لیے سب سے تیز رفتار طریقہ کون سا ہوگا؟ 1

A) بیل گاڑی

B) ریڈئیل ریل روڈ

C) اونٹ گاڑی

D) ڈیزل سے چلنے والا ٹرک

جواب:B

4۔ دنیا کی اوائلی تہذیبوں میں پرکرتی آتماؤں کی پرستش ایک عام بات تھی۔ 1

درج ذیل میں دی گئی وجوہات میں سے ایک اس بات کے ساتھ جڑی ہوئی نہیں ہے۔اس کی شناخت کیجیے۔

a) وہ چاہتے تھے کہ ان کے پرکھے ان کے ساتھ ہمیشہ رہیں۔

b) وہ اپنے مرحومین کا احترام کرتے تھے۔

c) وہ یہ محسوس کرتے تھے کہ ان کے پرکھے ایک دن واپس آئیں گے۔

d) وہ مردہ لوگوں سے خوفزدہ رہتے تھے۔

جواب :D

5۔ درج ذیل بیانات کا تعلق جمہوریت اور ری پبلک دونوں سے ہے۔ اس بیان کی شناخت کیجیے جو صرف ری پبلک کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ 1

a) وہ عوام کی مرضی سے اختیار حاصل کرتا ہے۔

b) وہ جواب دہی پر مبنی ہے۔

c) ہندوستان کے ہر شہری کو ریاست کا سربراہ منتخب ہونے کا حق حاصل ہے۔

d) یہ ہمہ گیر بالغ حق رائے دہندگی پر مبنی ہے۔

جواب:C

6۔ درج ذیل میں سے ''جمہوریت'' کے لیے کون سا بیان درست ہے۔ 1

a) انتخابات باقاعدگی سے نہیں ہوتے۔

b) حکومت کی تشکیل میں عوام شراکت نہیں کرتے۔

c) انتخابات میں سیاسی نظام کا لازمی جزو ہیں۔

d) ووٹ کا حق سب کے لیے نہیں ہوتا۔

جواب:C

7۔ ہمیں یہ کس طرح معلوم ہوا کہ ہندوستان کے گنگائی میدان قدیم اور وسطیٰ دور کے ہندوستان میں بڑی سلطنتوں کے قیام کی جگہ تھی؟ 1×2=4

جواب:

i) دریا کے کناروں پر تہہ نشین مٹی کے جمع ہونے کی وجہ سے یہ انتہائی زرخیز علاقہ تھا۔

ii) نیچے کے پانی اور آبپاشی کے لیے وافر مقدار میں پانی کی فراہمی

iii) وافر مقدار میں لوہے کی موجودگی کے سلطنتوں کی توسیع میں مدد کی (کوئی سے دو نکات)

8۔ مقامی حکومتی اداروں میں سماج کے کمزور طبقات کے لیے ریزویشن کی فراہمی کے کوئی دو فوائد بتائیے۔ 1×2=2

جواب:

i) یہ ذات پر مبنی استحصال کو ختم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

ii) یہ درج فہرست ذاتوں/قبائلی کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے۔(اور کوئی متعلقہ جواب)

9۔ 19ویں صدی کے ایک اسکول کے طالب علم ہونے کے ناطے اپنے دور کے اسکول کی کوئی دو منفرد خصوصیات بتائیے۔ 1×2=2

i) سائنس اور تکنالوجی کی تدریس نہیں ہوتی تھی۔

ii) لڑکیوں کو اسکول میں داخلے کی اجازت نہیں تھی۔

iii) مذہبی تعلیم لازمی تھی۔

10۔ درج ذیل معلومات کی بنیاد پر شرح پیدائش اور شرح اموات کا شمار کیجیے۔ 1×2=2

i) ایک قصبہ میں ایک سال کے اندر زندہ ولادتوں کی تعداد 400 ہے۔

ii) ایک قصبہ میں ایک سال کے اندر اموات کی تعداد 350 ہے۔

iii) اسی قصبہ کی سال کے وسط میں کل آبادی 20,000 ہے۔

شرح پیدائش

$$\frac{\text{ایک مخصوص جغرافیائی علاقہ میں ایک سال کے اندر زندہ ولادتوں کی کل تعداد}}{\text{ایک مخصوص جغرافیائی علاقہ کی سال کے وسط میں آبادی کی کل تعداد}} \times 1000$$

شرح پیدائش $\frac{400}{20,000} \times 1000 = 20\%$

شرح اموات:

$$\frac{\text{ایک مخصوص جغرافیائی علاقہ میں ایک سال کے اندر اموات کی کل تعداد}}{\text{ایک مخصوص جغرافیائی علاقہ کی سال کے وسط میں کل آبادی}} \times 1000$$

$\frac{350}{20,000} \times 1000 = 17.5\%$ = شرح اموات

11۔ آپ مختلف آب وہوا اور بلندیوں کے مختلف علاقوں کی سیر کے لیے گئے ہوں گے اور وہاں مختلف خصوصیات کے درختوں/جھاڑیوں کی مختلف اقسام کو دیکھا ہوگا۔ قدرتی نباتات کی کن ہی دو اقسام کے بارے میں مختصر طور پر بتائیے۔ $2 \times 2 = 4$

جواب: ہندوستان میں قدرتی بناتات کی مختلف اقسام:

i) استوائی سدابہار جنگلات

ii) استوائی پت جھڑ جنگلات

iii) خاردار جنگلات

iv) مدوجزوی جنگلات

(کن ہی دو کی مختصر وضاحت)

12۔ ایسی کن ہی چار سرگرمیوں کا ذکر کیجیے جن میں انسان دوستی، ماحول پسندی، ہم آہنگ زندگی، جنس کی مساوات، سائنس مزاج اور معلومات جیسی اقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہمیں ملوث نہیں ہونا چاہیے۔

1×4=4

i) انسانی دوستی: دوسرے انسانوں کو تکلیف نہ دینا، ان کا استحصال نہ کرنا یا ان کی بے عزتی نہ کرنا۔

ii) ماحول پسندی: ماحول کو آلودہ یا خراب نہ کرنا۔

iii) ہم آہنگ زندگی: کسی کے خلاف کسی بھی وجہ سے نفرت نہ پھیلانا اور استحصال نہ کرنا

iv) جنس کی مساوات: مردوں اور عورتون، لڑکوں اور لرکیوں کے درمیان جنس کے بنیاد پر فرق وامتیاز نہ کرنا یا فوقیت نہ دینا۔

سائنسی مزاج اور معلومات: توہمات پر آنکھ بند کر کے یقین نہیں کرنا چاہیے۔ (کوئی چار سرگرمیاں)

13۔ ناوابستگی کی پالیسی کی کن ہی چار خصوصیات بتائیے جنہوں نے سرد جنگ کے دور میں ہندوستان کے قومی مفادات کے تحفظ میں مدد کی۔

1×4=4

جواب:

i) آزاد خارجہ پالیسی کو اپنانا

ii) کسی فوجی یا طاقت کے بلاک میں عدم شمولیت

iii) بین الاقوامی مفادات میں بھلائی پر مبنی وابستگی اور شرکت۔

iv) ہتھیاروں کی ذخیرہ اندوزی کے بجائے ترقی پر توجہ۔ (یا کوئی دوسرا متعلقہ نکتہ)

14۔ ماحولیاتی تنزلی کا سبب بننے والی چار انسانی سرگرمیوں اور ان کو روکنے کے دو طریقوں اور ذرائع کے بارے میں بتائیے۔ 1×4=4

جواب: انسانی سرگرمیاں

i) پلاسٹک موادوں کو استعمال کرنا اور ان کو نالیوں میں پھینکنا اور ان کو بند کرنا۔

ii) بس اسٹینڈ وی پر لگے ہوئے درختوں اور پودوں سے پتیاں نوچنا۔

iii) پلاسٹک موادوں کو کھلے میں جلانا۔

iv) پانی کے ذخیروں میں صنعتی کیمیائی موادوں کو بہانا۔

vi) گاڑیوں کی مرمت منہ کرانا (یا کوئی دوسری سرگرمی) (کوئی سے چار نکات)

مشورے:

i) حیاتی طور پر غیر تنزلی پذیر اشیاء کی دیکھ بھال کرنا۔

ii) پانی کو صنعتی فضلہ سے آلودہ نہ کرنا

iii) دھوئیں کی آلودگی سے بچنے کے لیے اپنی گاڑیوں کی مرمت کرانا۔ (یا کوئی دوسرا مشورہ)

15۔ 2002 سے 2006 کے درمیان کسانوں کی خودکشی اور 1856ء کی سنتھال بغاوت اور 1993 کے قحط بنگال کے درمیان موازنہ اور تضاد کیجیے۔ 4

جواب: 2002 سے 2006 کے درمیان 17,500 کسانوں نے فصلوں کی ناکامی اور قرضوں کی وجہ سے خودکشی کر لی۔ 1856ء میں

کسانوں نے لگان دینے سے انکار کردیا، زمینوں سے خارج کیے جانے کے بعد وہ باغیوں سے جاملے، قحط بنگال کے دوران 30 سے 40 لاکھ ہندوستانی ہلاک ہوئے۔

16۔ ان چار سماجی رواجوں کی شناخت کیجیے جو 19ویں صدی کی سماجی اصلاحی تحریکوں کے باوجود آج بھی موجود ہیں۔ 1×4=4

جواب:

i) پردہ

ii) جہیز

iii) ناخواندگی

iv) لڑکیوں کو رحم مادر میں مار دینا۔

17۔ 1857ء کے غدر کے کون سے سورما سے آپ کو سب سے زیادہ تحریک ملتی ہے۔اس کے کن ہی ایسی چار خوبیوں کی شناخت کیجیے جو آپ کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہیں۔ 1×4=4

جواب:

i) رانی لکشمی بائی بہترین اور سب سے زیادہ بہادر فوجی رہنما۔

ii) تانتیا ٹوپے جن کو سوتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔

iii) بہار کے کنور سنگھ

iv) بہادر شاہ ظفر کو قیدی بنایا گیا اور انہیں رنگون جلاوطن کردیا گیا جہاں 87 برس کی عمر میں ان کا انتقال ہوگیا۔

18۔ قدیم ہندوستان کی بعض ادبی تخلیقات ہم تک پہونچی ہیں۔اس طرح کی کم سے کم چار تخلیقات کی شناخت کیجیے جو کے لیے آج بھی مقدس ہیں۔ 1×4=4

جواب:

i) چاروں وید


ii) سوتر رامائن اور مہابھارت کے ذریعے، سمرتی، پوران

iii) تری پتاکا

iv) کالیداس، بان بھٹ اور شدراک وغیرہ۔

19۔ نیچے دیئے گئے نقشہ کا مطالعہ کریں اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے: 1×4=4

''A'' کے ذریعہ نشان زد علاقہ میں آبادی کے گھنے پن کی کیا وجوہات ہیں؟



جواب: آبادی کے گھنے پن اور تقسیم کے لیے ذمہ دار عوامل۔

i) زمینی خدوخال

ii) آب وہوا

iii) مٹی

vi) صنعت کاری اور شہر کاری

iv) ذرائع نقل وحمل اور مواصلات

نوٹ: یہ سوال بصارت سے محروم (نابینا) امیدواروں کے لیے ہے۔

مغربی بنگال میں آبادی کے زیادہ گھنے پن کے لیے ذمہ دار چار عوامل کو مختصراً تو پر واضح کیجیے۔

آبادی کے گھنے پن اور تقسیم کے ذمہ دار عوامل

i) زمین خدوخال

ii) آب وہوا

iii) مٹی

iv) صنعت کاری اور شہر کاری

v) ذرائع نقل وحمل اور مواصلات

(کن ہی چار نکات کی مختصر وضاحت، ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

20۔ ایسی کن ہی چار خوبیوں کے بارے میں تجویز دیجیے جو آپ کی رائے میں اچھا پارلیمانی ممبر بننے کے لیے ارکان پارلیمنٹ میں ہونی چاہیے اور کیوں؟ $1\times4=4$

جواب:

i) اسے ایوان کا ڈسپلن اور تہذیب کو برقرار رکھنا چاہیے۔

ii) اسپیکر/ چیرمین کے احکامات کو ماننا چاہیے۔

iii) اسے پارلیمنٹ کے ایوان کے اجلاس میں باقاعدگی سے شرکت کرنی چاہیے۔

iv) ممبر پارلمینٹ کی حیثیت سے شفافیت کو برقرار رکھنا چاہیے۔ (یا کوئی دوسری متعلقہ خوبی)

21۔ درج ذیل میں دو گاندھیائی اصول بیان کیے گئے ہیں۔ ان سے مطابقت رکھنے والے ریاستی پالیسی کے دور ہنما اصولوں کی شناخت کیجیے۔ $2\times2=4$

i) شراب پر پابندی

ii) دیہی سطح پر حکومت خود

جواب:

i) ریاست کو شراب نوشی اور دوسرے مضر صحت مشروبات کے استعمال کو روکنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

ii) ریاست کو دیہی پنچایت کو تسلیم کرنے کے اقدامات اٹھانے چاہیں۔ ان پنچایتوں کو اس طرح کے اختیارات اور حق دیا جانا چاہیے۔ جو انھیں خود حکومتی اکائیوں کے طور پر کام کرنے کا اہل بنائے۔

22۔ فرض کیجیے کہ آپ کے والد صاحب کا تبادلہ ایک قبائلی علاقہ میں کر دیا گیا ہے اور آپ کا گھریلو ملازم درج فہرست قبیلہ سے ہے۔ گھریلو ملازم کے بیٹے اور پڑوسی قبائلی لوگ معاشی طور پر مجاز بننے میں آپ کی مدد چاہتے ہیں۔ آپ انھیں ان کی معاشی مجازیت کے لیے کون سی معلومات فراہم کریں گے؟ $2\times2=4$

جواب:

i) این ایس ایف ڈی سی آمدنی پیدا کرنے کی مختلف سرگرمیوں کے لیے مالی اور دوسری طرح کی مدد فراہم کرتا ہے۔

ii) این ایس کے ایف ڈی سی آمدنی پیدا کرنے کی مختلف سرگرمیوں کے لیے صفائی ملازمین کو مالی اور دوسری طرح کی مدد فراہم کرتا ہے۔

ii) این ایس ڈی ایف ڈی سی قرضوں مارکیٹنگ امداد اور تربیت کے ذریعہ آمدنی اور روزگار پیدا کرنے کی مختلف سرگرمیوں کے لیے مدد فراہم کرتا ہے۔

iv) ایس سی ڈی سی روزگار پیدا کرنے والی سرگرمیوں کے لیے مالی مدد فراہم کرتی ہے۔

v) ایس ٹی ڈی سی ایک رابطہ ایجنسی کے طور پر کام کرتی ہے اور مستحق افراد کو مالی اور دوسری طرح کی مدد فراہم کرتی ہے۔

23۔ ہندوستان میں دو مقامات کے درجہ حرارت اور بارش (درجۂ حرارت سینٹی گریڈ میں اور بارش سینٹی میٹر میں)

A- درجہ حرارت

| | جنوری | فروری | مارچ | اپریل | مئی | جون | جولائی | اگست | ستمبر | اکتوبر | نومبر | دسمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A درجہ حرارت | -8 | -7 | -1 | 9 | 10 | 14 | 17 | 17 | 12 | 5 | 0 | -6 |
| بارش | 10 | 8 | 8 | 5 | 5 | 5 | 13 | 13 | 8 | 5 | 0 | 5 |
| B درجہ حرارت | 25 | 26 | 28 | 31 | 33 | 33 | 31 | 31 | 30 | 20 | 20 | 25 |
| بارش | 4 | 13 | 13 | 18 | 38 | 45 | 87 | 113 | 119 | 306 | 350 | 135 |

مندرجہ بالا جدول کا مطالبہ کیجیے اور درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

i) مقام B اوسط سالانہ بارش کا شمار کیجیے۔

ii) مقام۔A کے درجہ حرارت کے سلسلہ کو دریافت کیجیے۔

iii) ان دو مقامات میں سے کون سا چنئی کی آب وہوا کی نمائندگی کرتا ہے ۔کوئی دو وجوہات بیان کیجیے

جواب:

i) 103.4 سینٹی میٹر

ii) 25ºC سینٹی گریڈ

iii) درجۂ حرارت تقریباً پورے سال زیادہ رہتا ہے یا درجہ حرارت کا سلسلہ صرف 13º سینٹی گریڈ ہے۔

24۔ اگر آپ ہندوستان کے وزیراعظم ہوتے تو آپ آزادنہ اور منصفانہ انتخابات کے لیے چار بڑی انتخابی اصلاحات میں سے کسی پر عمل درآمد کرنا پسند کرتے اور کیوں؟ 2×2=4

جواب:

i) انتخابی ہرا پھیری، جعلی اور بوگس ووٹ، دوسروں کی جگہ ووٹ ڈالنا

ii) الیکشن کے دوران تشدد

iii) پیسے اور غنڈہ گردی کا استعمال انتخابات پر منفی اثر ڈال رہا ہے۔

iv) ووٹروں اور خاص طور سے کمزور طبقات کے ووٹروں کو ووٹ ڈالنے سے روکنا۔

v) سرکاری مشینری کا غلط استعمال

vi) ووٹنگ بوتھوں پر قبضہ کرنا اور انتخابات کے دوران مجرمانہ کارروائیاں

**مجوزہ انتخابی اصلاحات درج ذیل ہیں:**

i) موجودہ نظام (کثرتی نظام) سے متناسب نمائندگی نظام کی کسی شکل میں تبدیلی۔

ii) سیاسی پارٹیوں کے کاموں میں باقاعدگی پیدا کرنا۔

iii) انتخابی قوانین کو اور زیادہ سخت بنایا جانا چاہیے۔اور ان کی خلاف وزری پر اور زیادہ سخت سزا کا بندوبست کیا جانا چاہیے۔

iv) اسی بات کے لیے ریاستی فنڈز کی فراہمی

v) قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے ایک تہائی نمائندگی۔

vi) انتخابات کے دوران پیسے اور غنڈہ گردی کے کے استعمال پر روک تھام۔

25۔ ہندوستان میں ماحولیاتی تنزلی کے ذمہ دار معاشی عوامل کا تجزیہ کیجیے۔ 4

جواب: معاشی عوامل:

i) زرعی ترقی وجہ بنتی ہے:

a) مٹی کی ٹوٹ پھوٹ کی

b) زمین کے کھارے پن اور اوسر پن کی

c) تغذیات میں کمی کی

ii) صنعت کاری:

a) قدرتی وسائل کی قلت کی

b) پانی، ہوا اور زمین کی زہر آلودگی کی

iii) معاشی ترقی:

A) وسیع پیمانے پر اصراف

B) نیا طرز زندگی تیز رفتار اثر کا سبب بنا

C) وسائل کا زیاں اور اصراف

26۔ عوام کی مذہبی اور ثقافتی زندگی کے ان پہلوؤں کے بارے میں بتایے جنہوں نے ہندوستانی عوام کی زندگیوں پر گہرا اثر ڈالا۔ 1×5=5

جواب:

i) بھکتی اور صوفی تحریکیں جنہوں نے ذاتی ریاضت سے خدا کی وحدت پر زور دیا۔

ii) رسوم ورواج اور قربانیوں سے زیادہ محبت پاکیزگی اور پرستش پر زور

iii) ذات پات اور برہمنوں کی بالادستی کونشانہ بنایا۔

iv) اس کے عام انسانوں کے دشمنوں پر اثر ڈالا

v) صوفی سنتوں کے بڑی تعداد میں پیروکار تھے اور انہوں نے ایک نئے مذہب کی دریافت میں مدد کی جس کو سیکولرزم کہا جاتا ہے۔

27۔ حق آزادی پر عائد کردہ معقول پابندی کی پانچ موزوں مثالیں دیجیے۔ 1×5=5

i) پرامن طور پر غیر مسلح اجتماعی پر اس صورت میں پابندی لگائی جا سکتی ہے کہ بدنظمی یا تشدد کا خطرہ موجود ہو۔

ii) ایسوسی ایشنوں یا یونینوں کی تشکیل پر پابندی لگائی جا سکتی ہے اگر اس طرح کی تنظیموں کے قیام کا مقصد قومی مفادات یا اخلاقیت کے خلاف ہو۔

iii) آزادانہ حرکت کی آزادی پر بھی اس صورت میں پابندی لگائی جا سکتی ہے کہ کسی کی حرکت یا کسی مخصوص جگہ پر اس کی آمد لوگوں کے استعمال کا باعث بن سکتی ہو یا نظم وضبط کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہو۔

iv) کسی بھی پیشہ کو اختیار کرنے کی آزادی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کوئی نشیلی ادویات دوسری غیر قانونی اشیاء کا کاروبار کر سکتا ہے۔

v) آزادیٔ اظہار ہمیں کسی کو برا بھلا کہنے یا گالی دینے یا اسی طرح کی کسی دوسرے حرکت کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

28۔ 8/اگست، 1942 کی رات کو جب گاندھی جی نے ''کرو یا مرو'' کا نعرہ دیا فرض کیجیے کہ آپ اس میٹنگ میں موجود تھے۔ اپنے دوست کو ایک خط لکھیے اور اس میں اس رات کو ممبئی میں ہونے والے واقعات کے بارے میں بتائیے۔ 5

جواب:

عزیز دوست!

امید کرتا ہوں کہ اس خط کی بازیابی کے وقت تم صحت مند ہوگے۔ گذشتہ رات میں گاندھی جی کی میٹنگ میں موجود تھا اور اس سے بہت زیادہ متاثر ہوا۔ انہوں نے ہمیں ''کرو یا مرو'' کا نعرہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ یا تو ہمیں ہندوستان کو آزاد کرانا چاہیے یا اس کوشش میں اپنی جان قربان کر دینی چاہیے۔ اس میں غلامی کی ہیشگی کو دیکھنے کے لیے زندہ نہیں رہنا ہے۔ صبح صبح کانگریس کے سارے لیڈروں کو گرفتار کر لیا گیا۔ کانگریس پر پابندی لگا دی گئی اور پریس پر سنسیر لگا دیا گیا۔ ممبئی میں پر اثر طور احتجاج ہڑتالیں ہو رہی ہیں اور جلوس نکالے جا رہے ہیں۔

دہلی میں کیا حالات ہیں؟

آداب وتعلیم

آپکا

(اے بی سی)

29۔ ہندوستان کے شمالی میدانوں کی معاشی اہمیت کے متعلق کوئی پانچ نکات واضح کیجیے۔ 1×5=5

جواب: شمالی میدانوں کو معاشی اہمیت

i) انتہائی زرخیز میدان

ii) آبپاشی کو معقول سہولیات

iii) غذائی فصلوں کی پیداوار

iv) وافر مقدار میں تازہ پانی

v) گھنی آبادی کا علاقہ

vi) سڑکوں ور ریلوں کا گھنا جال (مختصر وضاحت کے ساتھ کوئی پانچ نکات)

# نمونہ پرچۂ سوالات
# اپنا تجزیہ کریں


1۔ ہندوستان کے دیے گئے نقشہ میں درج ذیل کی مناسب علاقوں کے ساتھ نشان دہی کریں۔

i) پرائیویٹ سیکٹر کے ایک اسٹیل پلانٹ

ii) جموں وکشمیر کی جانوروں کی ایک پناہ گاہ

iii) ہندوستان میں ہمالیائی سلسلۂ کوہ کی سب سے اونچی چوٹی

iv) استوائی سدابہار جنگلات کا علاقہ




2۔ ہندوستان کے دیئے گئے نقشہ میں کوئلہ کی چار اہم کانوں کو سلسلہ وار نمبروں 1-4 سے دکھلایا گیا ہے۔ ان کی شناخت کیجیے اور اپنی جواب کی کاپی میں ان کے نمبر کے سامنے ان کے نام لکھیے۔

1/2×4=2

3۔ برطانوی ابتدائی طور پر ہندوستان آئے تھے۔ 1

A. تجارتی مقصد سے

B. متعین قائم کرنے کے لیے۔

C. عیسائیت کو پھیلانے کے لیے

D. سیاسی اقتدار قائم کرنے کے لیے

4۔19ویں صدی میں ''ویدوں'' پرعوام کے کس طبقہ کا اختیار تھا؟ 1

A. برہمن

B. شتریہ

C. ویش

D. شور

5۔درج ذیل میں سے کون سی ہندوستانی وفاقی نظام کی خصوصیت ہے؟1

A) اختیارات مرکز اور ریاستوں کے دمیان تقسیم ہوتے ہیں۔

B) اختیارات قانون ساز داروں، ایکزیکیٹو اور عدالت کے درمیان تقسیم ہیں۔

C) ہندوستان کو ایک سیکولر ریاست قرار دیا گیا ہے۔

D) ہندوستان کو کوئی تحریری آئین نہیں ہے۔

6۔درج ذیل میں سے کون سا جمہوریت کے لیے چیلینج ہے؟ 1

A) عوامی تحریکیں

B) بنیادی حقوق

C) غریبی

D) سیکولرازم

7۔ایسی کوئی دو وجوہات بتایئے جو ایشیا میں سامراجیت کے بڑھنے کا باعث ہیں؟ 1×2=4

8۔فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟ 2

9۔بچہ جنس تناسب کی وضاحت کیجیے۔ 2

10۔ایک ایسے ضلع کے انحصاری تناسب کا شمار کیجیے جس کی آبادی تین وسیع زمروں میں ذیل میں دی گئی ہے۔ 2

بچے (0 سے 14 سال) 6,000

بالغ (15 سے 59 سال) 30,000/ بزرگ (60 سال اور اس سے زیادہ) 3,000

11 ہندوستان میں ریلوے کی ترقی کے لیے ذمہ دار کوئی چار اسباب بتایئے۔ 1×4=4

12 اس صورتحال کے بارے میں بتایئے جب گورنر اپنے اختیار تمیزی کا استعمال کرسکتا ہے۔ 4

13 میونسپل کارپوریشن کی آمدنی کے کوئی سے چار ذرائع بتایئے۔ 1×4=4

14 ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے کوئی چار بنیادی مقاصد بتایئے۔ 1×4=4

15۔ ہندوستان میں 19ویں صدی کی نیل بغاوت کی کوئی چار خصوصیات بتایئے۔ 1×4=4

16۔ ہندوستان میں ذات پات کے نظام کی کوئی چار خصوصیات بتایئے۔ 1×4=4

17۔1857ء کے غدر کے کوئی چار معاشی اسباب بتایئے۔ 1×4=4

18۔نشاۃ ثانیہ کے ذریعہ پیدا ہونے والے نئے تصورات سے کس طرح لوگوں کے اندازفکر میں تبدیلی پیدا ہوئی ہیں؟ 4

19۔ ہندوستان میں چائے کی پیداوار کے لیے جغرافیائی حالات کے وضاحت کیجیے۔ 4

20۔ رائے عامہ کی تشکیل کرنے والی چار ایجنسیوں کے رول کی وضاحت کیجیے۔ 4×1=4

21۔آئین ہند میں حق آزادی کے تحت فراہم کردہ کوئی سی چار آزادیوں کی وضاحت کیجیے۔ 1×4=4

22۔حکومت ہند کے ذریعہ سماج کے پسماندہ طبقات کی بہتری کے لیے اٹھائے گئے کن ہی چار اقدامات کی وضاحت کیجیے۔ 1×4=4

23۔درج ذیل میں دیے گئے جدول کا مطالعہ کیجیے اور ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔) 4×1=4

(مقام A پر درجہ حرارت سینٹی گریڈ میں اور بارش سینٹی میٹر میں)

| مہینے: | جنوری | فروری | مارچ | اپریل | مئی | جون | جولائی | اگست | ستمبر | اکتوبر | نومبر | دسمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درجہ حرارت | 14 | 17 | 23 | 29 | 34 | 35 | 31 | 30 | 29 | 21 | 20 | 15 |
| بارش: | 21 | 24 | 13 | 10 | 10 | 68 | 186 | 170 | 125 | 14 | 2 | 9 |

دریافت کیجیے:

i) درجہ حرارت کی سالانہ ترتیب

ii) اوسط سالانہ درجہ حرارت

iii) سب سے زیادہ بارش کا مہینہ

iv) سالانہ اوسط بارش

24۔ ''انڈیا اگینسٹ کرپشن'' کہلائے جانے والے گروپ، جس کی قیادت انا ہزارے کررہے ہیں، کی ''جن لوک پال'' کے نفاذ کے لیے مہم جاری ہے۔ کیا یہ گروپ ایک پریشر گروپ کے طور پر کام کررہا ہے یا یہ ایک مفادی گروپ ہے۔ کیا آپ کے خیال میں اس گروپ کا سیاسی مفاد ہے؟ اپنے جواب کے حق میں دلیل دیجیے۔ 5

25۔ بین الاقوامی سیاست کی بدلی ہوئی نوعیت کے سیاق وسباق میں ناوابستگی کی پالیسی کی مناسبت کا تجزیہ کیجیے 5

26۔ پہلی عالمی جنگ میں روس کی شرکت سے اس ملک میں سوشلزم کے پھیلاؤ میں کس طرح مدد ملی؟ 5

27۔ ''قانون نظر ثانی'' سے کیا مراد ہے؟ اس سے ''عدالتی فعالیت'' اور ''مفاد عامہ کی رٹ'' کو کس طرح بڑھاوا دیا؟ 1+2+2=5

28۔ ''عدم تعاون تحریک'' کا تجزیہ کیجیے۔ 5

29۔ ہندوستان زراعت کی کن ہی پانچ نمایاں خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔ 1×5=5